نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس میں کپاس کی فصل سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد

مارکیٹوں میں معیاری زرعی مداخل کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے مانیٹرنگ کا عمل تیز کیا جائے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور: 10جون 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ کپاس کی کاشت کا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے اب پوری توجہ نگہداشتی امور پر مرکوز کی جائے تا کہ فی ایکڑ زیادہ پیداوار کا حصول ممکن بنایا جا سکے۔وہ آج لاہور میں کپاس کی فصل سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ کاشتکاروں کو موسمی پیشین گوئی کے مطابق اگیتی اور موسمی کپاس بارٹیکنیکل ایڈوائزری دی جائے۔اس کے علاوہ ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ ایڈوائزری کمیٹیوں کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کیے جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ مارکیٹوں میں معیاری زرعی مداخل کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے مانیٹرنگ کا عمل تیز کیا جائے۔بہاولپور کو آئندہ سال کاٹن ویلی میں تبدیل کرنے کے لیے ابھی سے عمل تجاویز مرتب کی جائیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کسان سہولت سینٹر کے قیام کے لیے اچھی شہرت کی حامل کمپنیوں کو ٹاسک دیا جائے۔کسان سہولت سینٹر پر زرعی ادویات کی رعایتی قیمتوں پر فراہمی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے متعلقہ فیلڈ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ کپاس کی فصل کے لیے متوازن اور متناسب کھاد کے استعمال بارے رہنمائی فراہم کی جائے۔کپاس کی فصل کے لیے پانی کی دستیابی ترجیحی بنیادوں پر کے لیے محکمہ آبپاشی سے روابط مضبوط کیے جائیں۔اجلاس میں کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ پنجاب ڈاکٹر عامر رسول، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ ڈاکٹر عبدالقیوم سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆